std: VIII
Sub: Urdu long

बृहन्मुंबई महापालिका शिक्षण विभाग

CCE-(2018-19) ششماہی امتحان

URDU- VIII

MARKS= 50

س ۱: لفظ سنو اور لکھو۔ ⑤

(۱) ____________ (۲) ____________
(۳) ____________ (۴) ____________
(۵) ____________ (۶) ____________
(۷) ____________ (۸) ____________
(۹) ____________ (۱۰) ____________

س ۲: دیا گیا اقتباس دل ہی دل میں پڑھو اور دیے ہوئے سوالوں کے جوابات لکھو۔ ⑤

ہم پانچ دوست پیٹ بھر کر نہاری کے شوقین تھے۔ جاڑا آیا اور نہاری کا پروگرام بنا۔ یوں تو ہر اتوار باری باری سے کسی نہ کسی کے گھر پر نہاری اُڑا ہی کرتی تھی لیکن ہر پندرھویں دن اور اگر کوئی باہر کا مہمان آگیا تو اس معمول کے علاوہ بھی خاص دکان پر جا کر ضرور کھا لیا کرتے تھے۔ ہمارا دستور تھا۔ ہم پر کیا منحصر ہے، نہاری بازوں کے یہ بندھے ہوئے قاعدے تھے کہ صبح کے لیے رات سے تیاری ہوتی تھی۔ تازہ خالص گھی دو چھٹانک فی کس کے حساب سے مہیا کیا جاتا تھا۔ گاجر کا حلوہ حبش خاں کے پھاٹک یا جمال الدین عطّار سے لیتے تھے۔ اور تو کیا کہوں، اب ویسا حلوہ کھانے میں نہیں آیا۔

(i) نہاری کا پروگرام کب بنتا تھا؟ 1
(ii) مہمان آنے پر مصنّف کا کیا معمول ہوتا؟ 1
(iii) مصنّف حلوہ کس جگہ سے کھانا پسند کرتے؟ 1
(iv) نہاری بازوں کے کیا قاعدے تھے؟ 1
(v) کتنے دوست نہاری کے شوقین تھے؟ 1

Scanned by CamScanner

(5)

س ۳: ذیل کی نظم کو دل ہی دل میں پڑھو اور نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھو۔

کیا خطا میری تھی ظالم، تو نے کیوں توڑا مجھے
کیوں نہ میری عمر ہی تک شاخ پر چھوڑا مجھے
جانتا گر اس ہنسی کے دردناک انجام کو
میں ہوا کے گدگدانے سے نہ ہنستا نام کو
شاخ نے آغوش میں کس لطف سے پالا مجھے
تو نے ملنے کے لیے بستر پہ ہے ڈالا مجھے
میری خوشبو سے بسائے گا بچھونا رات بھر
صبح ہو گی تو مجھے تو پھینک دے گا خاک پر
پتیاں اُڑتی پھریں گی منتشر ہو جائیں گی
رفتہ رفتہ خاک میں مل جائیں گی، کھو جائیں گی۔

(i) پھول کس بات کی شکایت کر رہا ہے؟ 1

(ii) ہنسی کے دردناک انجام سے کیا مراد ہے؟ 2

(iii) شعر کی تشریح کیجیے۔ 2

پتیاں اُڑتی پھریں گی منتشر ہو جائیں گی
رفتہ رفتہ خاک میں مل جائیں گی کھو جائیں گی۔

(5)

س ۴: اقتباس پڑھ کر مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھو۔

حکیم عبدالحمید نے ۱۹۵۲ء سے ۱۹۹۳ء تک پچیس ادارے قائم کیے۔ حکومت ہند نے ان اداروں کے مجموعے کو درجۂ اوّل کی یونیورسٹیوں کی فہرست میں شامل کیا۔ انھوں نے بائیس کتابیں تحریر کیں۔ اردو ادب کے فروغ کے لیے غالب اکیڈمی قائم کی۔ لوگوں نے بھی انھیں مختلف اعزازات اور مناصب سے نوازا اور ان کی زندگی ہی میں ان کی گوناگوں خدمات کا اعتراف کیا۔

حکیم عبدالحمید ۱۹۹۹ء میں اپنے معبودِ حقیقی سے جا ملے۔ انھوں نے دہلی میں ہمدرد نگر کی تعلیمی بستی میں علم کی جو شمع جلائی تھی اس کی روشنی آج بھی لاکھوں دلوں کو منور کر رہی ہے۔

(i) حکیم عبدالحمید نے ۱۹۵۲ء سے ۱۹۹۳ء تک کتنے ادارے قائم کیے؟ 1

(ii) ہمدرد نگر کے بارے میں دو جملے تحریر کرو۔ 2

(iii) حکیم عبدالحمید کی خدمات مختصراً لکھو۔ 2

Scanned by CamScanner

س ۵ اقتباس غور سے پڑھیے اور دیے ہوئے سوالات کے جواب لکھیے۔ (5)

قاہرہ مصر کی راجدھانی ہے۔ مصر کے کئی لوگ اس شہر کو "اُمّ الدنیا" یعنی دنیا کی ماں کے نام سے بھی جانتے ہیں۔ چوتھی صدی میں جب مصر کے دوسرے شہروں کی اہمیت گھٹنے لگی تو دریائے نیل کے کنارے ایک نئی آبادی بسی اور یہ قاہرہ شہر بن گیا۔ قاہرہ لفظ کا مطلب ہے "جنگ کی جگہ"۔ دراصل پرانے زمانے میں مصر کے لوگوں کا ماننا تھا کہ یہاں دیوتاؤں کے درمیان جنگ ہوئی تھی۔ اس لیے وہ اسے "جنگ کی جگہ" کے نام سے جانتے تھے۔ اس شہر کو نئے سرے سے ۹۶۹ء میں جوہر الصیقلی نے بسایا تھا۔ اس کے بعد یہاں اسلامی عمارتوں کی تعمیرات ہوئیں اور بہت سی اسلامی عمارتوں کے ہونے کی وجہ سے قاہرہ کو اب 'ہزاروں میناروں کا شہر' بھی کہا جاتا ہے۔ ازہر یونیورسٹی، دنیا کی قدیم ترین یونیورسٹیوں میں سے ایک ہے۔ جامعہ ازہر دراصل ایک مذہبی یونیورسٹی تھی لیکن آج ازہر یونیورسٹی عربی ادب اور اسلامی تعلیمات میں ڈگری حاصل کرنے کا ایک اہم سینٹر ہے۔

(i) اُمّ الدنیا سے کیا مراد ہے؟ 1

(ii) دریائے نیل کے کنارے بسے شہر کا نام قاہرہ کیوں پڑ گیا؟ 2

(iii) جامعہ ازہر میں آج کون سی تعلیم دی جاتی ہے؟ 2

س ۶ ذیل کے سوالات کے مطابق عمل کرو۔ (10)

(الف) ذیل کے الفاظ میں سابقہ ۔ لاحقہ پہچان کر الگ کرو۔ 2

(خوبصورت ، شاندار ، بےتاب ، دولتمند)

سابقہ :-

لاحقہ :-

(ب) ذیل کے الفاظ میں سے حروفِ شمسی و حروفِ قمری پہچانیے۔ 2

(رطب اللسان ، تحت الثری ، ابوالکلام ، جمال الدین)

حروفِ شمسی =

حروفِ قمری =

(ج) ذیل کے محاوروں کا مطلب لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2

(مصیبت کا پہاڑ ٹوٹنا ، رواں دواں پھرنا)

Scanned by CamScanner

(د) مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھ کر جملے کی قسم فجائیہ / بیانیہ جملہ پہچان کر لکھو۔ 2

(i) سڑک کی ابتدا نقشِ کفِ پائے آدم سے ہوتی ہے۔ (________)

(ii) واہ! کتنا خوبصورت ساحل ہے۔ (________)

(ہ) ذیل کے جملے میں مناسب رموز و اوقاف کا استعمال کر کے جملہ دوبارہ لکھیے۔ 2

آپ کون ہیں ڈاکٹر صاحب تو نہیں اب میرا ہاتھ نہ کھولنا

س:۷ ماحولیات پر پلاسٹک کی تھیلیوں کے نقصانات پر اپنی رائے تحریر کیجیے۔ 5

س:۸ دوست / سہیلی کو اپنی سالگرہ میں مدعو کرنے کے لیے خط لکھیے۔ 5

س:۹ آپ کے اسکول میں منائے گئے "صفائی ہفتہ" کی معلومات لکھیے۔ 5

—x—x—x—

मुख्याध्यापक
एम.एच.बी.क्र.१, म.न.पा. उर्दू शाला
मालाड (प), मुंबई-४०००९५